# او صبح کے ستارے

جلوہ دکھا رہا ہے　　کرنیں لُٹا رہا ہے
کیا جی لبھا رہا ہے
او صبح کے ستارے

محفل تِری کہاں ہے؟　　منزل تِری کہاں ہے؟
کس سمت جا رہا ہے؟
او صبح کے ستارے

سارے جہاں کے اوپر　　اس آسماں کے اوپر
کیوں جھلملا رہا ہے
او صبح کے ستارے



© NCERT not to be republished

کس کا خطر ہے تجھ کو  ہاں کس کا ڈر ہے تجھ کو
کیا سورج آ رہا ہے؟
او صبح کے ستارے

دم بھر کا یہ سماں ہے  تو اس کا میہماں ہے
کیوں مسکرا رہا ہے
او صبح کے ستارے

خاموش ہے زمانہ  بے ہوش ہے زمانہ
لیکن تو گا رہا ہے
او صبح کے ستارے

چپ چاپ سو رہا ہوں  نیندوں میں کھو رہا ہوں
کیوں گُدگُدا رہا ہے
او صبح کے ستارے

کیوں اتنا ڈر رہا ہے؟  کیوں منھ اتر رہا ہے؟
کیوں تھرتھرا رہا ہے؟
او صبح کے ستارے

آ میں گلے لگا لوں  ساتھی تجھے بنالوں
تو دل لبھا رہا ہے
او صبح کے ستارے

اختر شیرانی

© NCERT not to be republished

## معنی یاد کیجیے

| | | |
|---|---|---|
| جلوہ | : | چمک، رونق، نظارہ |
| جی لبھانا (محاورہ) | : | اچھا لگنا، جی کو بھانا |
| منزل | : | ٹھکانا، وہ جگہ جہاں مسافر پہنچنا چاہتا ہو |
| سمت | : | طرف |
| جھلملانا | : | جھل مل کرنا، رہ رہ کر چمکنا |
| خطر | : | ڈر، خطرہ |
| دم بھر | : | بہت تھوڑا وقت، ذرا دیر |
| سماں | : | منظر |
| منھ اترنا (محاورہ) | : | دکھی ہونا، اداس ہونا |

## سوچیے اور بتائیے

1. اس نظم میں شاعر کس سے بات کر رہا ہے؟
2. صبح کا ستارہ کس طرف جا رہا ہے اور اس کی منزل کہاں ہے؟
3. صبح کے ستارے کو کس بات کا ڈر ہے؟
4. سورج کے آنے کا کیا مطلب ہے؟
5. صبح کا ستارہ کیوں مسکرا رہا ہے؟
6. اس نظم میں زمانے کو خاموش اور بے ہوش کیوں کہا گیا ہے؟
7. صبح کے ستارے کے تھرتھرانے کی کیا وجہ ہے؟
8. شاعر صبح کے ستارے کو کیوں گلے لگانا چاہتا ہے؟

© NCERT not to be republished

## نیچے دیے ہوئے الفاظ اور محاوروں کو الگ الگ کیجیے اور انھیں جملوں میں استعمال کیجیے

جلوہ جی لبھانا منزل سمت جھلملانا منھ اترنا

## کیجیے

اس نظم کو بار بار بلند آواز سے پڑھیے اور یاد کیجیے۔

## غور کرنے کی بات

- او صبح کے ستارے اس مصرع میں ''او'' حرفِ ندا ہے۔ حرفِ ندا اس لفظ کو کہتے ہیں جس سے کسی کو پکارا جائے۔ ''او'' کی طرح لفظ ''اے'' بھی حرفِ ندا ہے خیال رہے کہ ''او'' اور ''اے'' ہمیشہ اسم سے پہلے بولے جاتے ہیں۔
- صبح ہوتے ہی آسمان سے سارے ستارے غائب ہو جاتے ہیں۔ صرف ایک ستارہ چمکتا ہوا نظر آتا ہے۔ اس نظم میں شاعر نے بڑے دلکش انداز میں بیان کیا ہے کہ صبح کے ستارے کو دیکھ کر شاعر کے ذہن میں کیسے کیسے سوالات پیدا ہوتے ہیں۔
- اس نظم میں لفظ ''میہماں'' آیا ہے۔ یہ لفظ مہمان کے لیے استعمال ہوا ہے اور دونوں طرح صحیح ہے۔

© NCERT not to be republished